**26-05-2024**

**21.15 Hrs**

**HL**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں شگفتہ یاسمین

---------------------------------

Music

---------------------------------

☆ بھارتی محکمہ موسمیات نے کہا ہے کہ شدید سمندری طوفان Remal اگلے دو سے تین گھنٹے میں بنگلہ دیش اور مغربی بنگال کی ساحلوں کو پار کرنے والا ہے۔ اس کے سبب ساحلی علاقوں میں شدید بارش ہو رہی ہے۔ وزیراعظم نریندر مودی نے سمندری طوفان سے متعلق ایک جائزہ میٹنگ کی صدارت کی۔

☆ بھارتی بحریہ اور مغربی بنگال سرکار، سمندری طوفان سے متاثرہ علاقوں میں پیدا ہونے والے حالات سے نمٹنے کیلئے پوری طرح تیار ہے۔

☆ لوک سبھا انتخابات کے ساتویں اور آخری مرحلے کیلئے چناؤ مہم عروج پر ہے۔ مختلف سیاسی پارٹیوں کے سینئر رہنما عوام کی حمایت حاصل کرنے کیلئے بھرپور کوشش کررہے ہیں۔

☆ حکومت نے بین الاقوامی اِن کمنگ کالز کو بند کرنے کیلئے ٹیلی مواصلات کی خدمات فراہم کرنے والی کمپنیوں کو ہدایات جاری کئے ہیں۔

☆ پپوا نیو گنی میں بڑے پیمانے پر مٹی کے تودے کھسکنے کے واقعے میں تقریباً 670 افراد کے ہلاک ہونے کا اندیشہ ہے۔

☆ اور IPL کرکٹ میں، چنئی میں، سن رائزرس حیدرآباد اور کولکتہ نائٹ رائڈرس کے درمیان فائنل میچ کھیلا جارہاہے۔

---------------------------------

(Music)

---------------------------------

اب خبریں تفصیل سے

**Lead Remal Cyclon**

سمندری طوفان Remal آج رات 11 سے ایک بجے کے درمیان بنگلہ دیش کے Khepupara اور مغربی بنگال کے جنوبی 24 پرگنا ضلعے کے ساگر کو پار کر جائے گا۔ شمالی 24 پرگنا کے Hingalganj اور

Hasnabad اور جنوبی 24 پرگنا ضلعے کے ساگر اور Canning، Remal طوفان سے براہ راست طور پر متاثر ہوں گے۔ دونوں ضلعوں کے سندربن علاقوں کے علاوہ کولکاتہ شہر پر بھی اِس طوفان کا اثر پڑے گا۔ Sealdah اور Howrah ریلوے ڈویژن کی بہت سی لوکل ٹرینوں کو معطل کر دیا گیا ہے، جبکہ کولکاتہ کے نیتاجی سبھاش چندر بوس بین الاقوامی ہوائی اڈے پر گھریلو اور بین الاقوامی پروازیں آج رات 12 بجے سے کل صبح 9 بجے تک معطل رہیں گی۔

کل جنوبی بنگال کے Howrah پشچم اور Purba Mednipur، شمالی Bardhaman، Nadia ، مرشدآباد ضلعے اور شمالی بنگال کے مالدہ، شمالی اور جنوبی Dinajpur، Darjeeling، Alipurduar میں بارش ہوگی۔ کولکاتہ شہر میں بارش شروع ہو چکی ہے۔ ریاست کے سکریٹریٹ Nabanna اور لال بازار پولیس اسٹیشن میں ایک مربوط کنٹرول روم قائم کیا گیا ہے۔

موسمیات محکمے نے کہا ہے کہ یہ طوفان شمال کے سمت بڑھے گا اور آج نصف شب تک بنگلہ دیش اور مغربی بنگال کے ساگر جزیرے کے Khepupara سے ہوکر بنگلہ دیش کے جنوب مغربی Mongla کے قریب پہنچ جائے گا۔ اِس خطے میں طوفان کے گزرنے کے وقت 110 کلومیٹر سے لے کر 120 کلومیٹر فی گھنٹے کی رفتار سے ہوا کے تیز جھکڑ چلنے کا امکان ہے۔

محکمے موسمیات نے کہا ہے کہ یہ طوفان اگلے دو سے تین گھنٹے کے دوران ساحلی علاقوں کو پار کرے گا۔ ×

## Remal Cyclone

مغربی بنگال کی حکومت نے، سمندری طوفان Remal کے پیش نظر، راحت اور بازآبادکاری سے متعلق سبھی اقدامات کر رہی ہے۔ اس طوفان کے آج رات بنگلہ دیش کے Khepupara اور بنگال کے ساگر جزیروں کے درمیان پہنچنے کا امکان ہے۔ ریاست کے سکریٹریٹ Nabanna میں ایک خصوصی کنٹرول روم قائم کیا گیا ہے۔ ممکنہ تباہی سے نمٹنے کے لیے کولکاتہ کے پولیس ہیڈ کوارٹروں میں ایک مربوط کنٹرول روم نے بھی کام کرنا شروع کر دیا ہے۔ کولکاتہ کے ہوائی اڈے کے حکام نے آج 21 گھنٹے کے لیے ہوائی پروازوں کو معطل کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔

تریپورہ میں، آج رات سے بارش شروع ہونے کی توقع ہے اور سمندری طوفان Remal کے زیر اثر یہاں 29 مئی تک بارش جاری رہنے کا امکان ہے۔

محکمہ موسمیات نے کل کے لیے ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔ اُس نے گرج چمک کے ساتھ بارش ہونے اور 50 سے 60 کلومیٹر فی گھنٹے سے لے کر 70 کلومیٹر فی گھنٹے کی رفتار سے ہوائیں چلنے کی پیشگوئی کی ہے۔ موسمیات محکمے نے کہا کہ تریپورہ کے جنوبی Dhalai، Khowai اور مغربی ضلعوں میں الگ الگ جگہوں پر شدید سے بہت شدید بارش ہونے کا امکان ہے۔ دوسری طرف بھارتی بحریہ نے فوری اور موثر امداد فراہم کرنے کے لیے تیاریاں شروع کر دی ہیں۔ اُس نے فوری طور پر متاثرہ لوگوں کی حفاظت اور بھلائی کو یقینی بنانے کے لیے دو جہازوں پر انسانی ہمدردی کی بنیاد پر امداد اور آفات سے نمٹنے کے لیے ضروری طبی سامان پوری طرح تیار کر لیا ہے۔

بھارتی بحریہ نے بھی Sea King اور Chetak ہیلی کاپٹرس ساتھ ہی Dornier طیاروں کو فوری کارروائی کے لیے تیار رکھا ہے۔

غوطہ خوروں کی خصوصی ٹیم کو کولکاتہ اور ویشاکھاپٹنم میں تعینات کر دیا گیا ہے تا کہ ضرورت پڑنے پر فوری مدد فراہم کی جاسکے۔ وشاکھاپٹنم اور چلکا کی ایک ایک ٹیم فوری طور پر تعیناتی کے لیے تیار ہے۔x

## Bangla Cyclone

پڑوسی ملک بنگلہ دیش میں تقریباً آٹھ لاکھ افراد کو خطرے والے مقامات سے محفوظ مقامات پر پہنچا دیا گیا ہے۔ ڈھاکہ میں سرکاری ذرائع نے بتایا کہ ملک بھر کے ساحلی علاقوں میں رضاکاروں کو تعینات کیا گیا ہے تا کہ وہ چار ہزار پناہ گاہوں تک لوگوں کو بحفاظت پہنچا سکیں۔x

## PM Cyclone

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج سمندری طوفان Remal سے نمٹنے کیلئے تیاریوں کا جائزہ لینے کیلئے ایک میٹنگ کی صدارت کی۔ اس میٹنگ میں وزیر اعظم کے پرنسپل سکریٹری ڈاکٹر پی کے مشرا، کابینہ سکریٹری راجیو گیوبا، مرکزی داخلہ سکریٹری اجے کمار بھلّا اور بھارتی محکمہ موسمیات کے ڈائریکٹر جنرل ڈاکٹر ایم موہاپاترا اور دیگر عہدیداروں نے شرکت کی۔x

## Campaigning

لوک سبھا انتخابات کے ساتویں اور آخری مرحلے کیلئے چناوَ مہم میں تیزی آگئی ہے۔ اس مرحلے کے تحت 57 پارلیمانی حلقوں میں اگلے مہینے کی پہلی تاریخ کو پولنگ ہوگی۔ تمام مرحلوں کے انتخابات کے ووٹوں کی گنتی 4 جون کو ہوگی۔اترپردیش میں انتخابی مہم عروج پر ہے۔ مختلف سیاسی پارٹیوں کے ممتاز رہنماؤں نے آج اپنی اپنی پارٹی کے امیدواروں کیلئے انتخابی مہم میں شرکت کی۔ وزیر اعظم اور BJP کے سرکردہ رہنما نریندر مودی نے آج اترپردیش کے مرزا پور، مئو اور Bansgaon میں عوامی جلسوں سے خطاب کیا۔ انھوں نے کہا کہ ملک نے BJP کی قیادت میں NDA سرکار کے بہتر ارادوں اور پالیسیوں کے سبب تیسری مرتبہ NDA سرکار تشکیل دینے کا فیصلہ کرلیا ہے۔

جناب مودی نے دعویٰ کیا کہ وہ ملک کے غریبوں، دلتوں اور پسماندہ طبقات کیلئے پوری طرح وقف ہیں۔ انھوں نے مزید کہا کہ درجِ فہرست ذاتوں، درجِ فہرست قبائل، دیگر پسماندہ طبقات اور دیگر پسماندہ گروپوں کیلئے مخصوص ریزرویشن مذہب کی بنیاد پر مسلمانوں کو نہیں دیا جائے گا۔

سماجوادی پارٹی کے سربراہ اکھلیش یادو نے آج Salempur اور بلیا میں چناوَ ریلیوں سے خطاب کیا۔ انھوں نے کہا کہ آج عوام بڑھتی ہوئی مہنگائی اور بے روزگاری سے بیحد پریشان ہے۔ کانگریس کے ممتاز رہنما اور سینئر لیڈر راہل گاندھی نے ہماچل پردیش کا دورہ کیا۔ انھوں نے ہمیر پور پارلیمانی حلقے کے تحت Una میں اور شملہ پارلیمانی حلقے کے تحت Sirmour ضلع کے Nahan میں انتخابی ریلیوں سے خطاب کیا۔انھوں نے لوگوں سے زور دے کر کہا کہ وہ کانگریس کے امیدواروں کو ووٹ کریں۔ انھوں نے وعدہ کیا کہ اگر کانگریس پارٹی اقتدار میں آتی ہے تو ملک کی ہر غریب خاتون کے اکاؤنٹ میں سالانہ ایک لاکھ روپئے جمع کرائے جائیں گے۔x

### Telecom Directives

حکومت نے ٹیلی مواصلات کی خدمات فراہم کرنے والی کمپنیوں کو ہدایت دی ہے کہ وہ بین الاقوامی فرضی Incoming کالز پر پابندی لگائیں۔ مواصلات کی وزارت نے ایک بیان میں کہا کہ بیرون ملک سے بھارتی شہریوں کو ایسی فرضی کالز موصول ہو رہی ہیں جن پر بھارتی موبائل نمبر ظاہر ہوتے ہیں۔ ایسی کالز کرنے والے افراد سائبر جرائم اور مالی دھوکہ دہی کر رہے ہیں۔ ایسی کالز سے بظاہر لگتا ہے کہ وہ بھارت سے ہی کی جارہی ہیں جبکہ وہ اصل میں بیرون ملک موجود سائبر جرائم کرنے والے افراد کر رہے ہوتے ہیں۔

وزارت نے مزید کہا کہ ڈیجیٹل دھوکہ دہی، FedEx گھپلے، کوریئر کے ذریعے منشیات کی اسمگلنگ، نیز خود کو حکومت اور پولیس کے اہلکار بتانے کے علاوہ ٹیلی مواصلات کے محکمے اور ٹرائی عہدیداران بتا کر موبائل نمبر کو بند کرنے جیسے معاملوں میں ان کالز کا غلط استعمال کیا گیا ہے۔x

### India Embassy

لاؤس میں، بھارتی سفارتخانے نے کہا ہے کہ اُس نے Attapeu صوبے کی لکڑی کی فیکٹری سے سات اڑیہ ورکروں اور Bokeo صوبے کے گولڈن ٹرائنگل خصوصی اقتصادی زون سے سات بھارتی نوجوانوں سمیت 13 لوگوں کو کامیابی کے ساتھ نکال کر بھارت بھیج دیا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر سفارتخانے نے کہا کہ اب تک 428 بھارتی شہریوں کو لاؤ PDR سے نکالا جاچکا ہے۔ سفارتخانے نے، اِس میں تعاون کرنے کے لیے لاؤس کے حکام کا بھی شکریہ ادا کیا ہے۔ سفارتخانے نے لاؤس جانے والے بھارتی ورکروں کو مشورہ دیا ہے کہ وہ، نوکریوں کی فرضی اور غیرقانونی پیشکش کے جھانسے میں آکر خود کو خطرے میں نہ ڈالیں۔x

### Army Chief

تقرری سے متعلق کابینہ کمیٹی نے فوج کے سربراہ جنرل منوج پانڈے کی سروس میں 30 جون تک کیلئے ایک ماہ کی توسیع کی منظوری دی ہے۔

اُنہیں اس ماہ کی 31 تاریخ کو سبکدوش ہونا تھا۔ 30 اپریل 2022 کو فوج کے سربراہ کے طور پر ان کی تقرری عمل میں آئی تھی۔

دوسمبر 1982 میں Corps of Engineers (The Bombay Sappers) میں اُنہیں کمیشن ملا تھا۔ فوج کے سربراہ کا عہدہ سنبھالنے سے قبل وہ فوج کے نائب سربراہ کے عہدے پر فائز تھے۔x

### I&B Cannes

77ویں کانس فلم فیسٹیول میں بھارت کی کارکردگی غیرمعمولی رہی۔ دنیا کے سرکردہ فلم فیسٹیول میں دو فلمسازوں، ایک اداکارہ اور ایک Cinematographer نے اعلیٰ ترین ایوارڈز حاصل کیے۔

فرانس میں منعقدہ کانس فلم فیسٹیول میں بھارتی فلم سازوں نے خوب داد وتحسین وصول کی۔ وزارتِ اطلاعات

ونشریات نے ایک بیان میں کہا کہ 30 برسوں میں پہلی مرتبہ Payal Kapadia کی بھارتی فلم 'All We Imagine as Light' کو جو کہ دو نرسوں کی زندگی پر مشتمل ہے۔
اس فیسٹیول کے سرکردہ ایوارڈ 'Palme d'or' کیلئے نامزد ہوئی۔
اس فلم کو گراں پری ایوارڈ ملا جو اس زمرے میں دوسرے مقام پر آتا ہے۔
اس ایوارڈ کے ساتھ ہی Film and Television Institute of India کی سابق طالبہ Payal Kapadia، یہ باوقار ایوارڈ حاصل کرنے والی پہلی بھارتی بن گئی ہیں۔

اس کے علاوہ FTII کے طالبعلم Chidanand S Naik نے "Sunflowers Were the First Ones to Know' کیلئے La Cinef سیکشن کیلئے پہلا انعام حاصل کیا۔ یہ کنڑ زبان کی عوامی حکایات پر مبنی ایک 15 منٹ کی مختصر فلم ہے۔

اس کے علاوہ نامور Cinematographer، Santosh Sivan ایسے پہلے ایشیائی ہیں جنھیں بھارتی سنیما میں اپنی گراں قدر خدمات کیلئے کانس فلم فیسٹیول 2024 میں باوقار Pierre Angénieux Tribute ایوارڈ سے سرفراز کیا گیا ہے۔Anasuya Sengupta کانس میں تاریخ رقم کرنے والی پہلی بھارتی اداکارہ ہیں جنھیں Un Certain Regard زمرے میں 'The Shameless' میں اپنی کارکردگی کیلئے بہترین اداکارہ کا ایوارڈ ملا ہے۔
وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا کہ Payal Kapadia کے ذریعے گراں قدر گراں پری ایوارڈ کا حصول ایک تاریخی کارنامہ ہے اور بھارت اس پر فخر محسوس کرتا ہے۔
وزیر اعظم نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں کہا کہ FTII کی سابقہ طالبہ نے اپنے شاندار ہنر کا مظاہرہ کرتے ہوئے عالمی اسٹیج پر بھارت کی مالامال تخلیقی صلاحیتوں کی جھلک پیش کرتے ہوئے اپنی تابانی برقرار رکھی ہے۔x

## FPIs

غیرملکی پورٹ فولیو سرمایہ کار FPI، رواں مالی برس 25-2024 کے آغاز کے ساتھ ہی اپنی خریداری کی رفتار کو کم کرنے کے بعد بھارتی بازاروں میں نہایت تیزی کے ساتھ فروخت کنندگان میں تبدیل ہو گئے ہیں۔ غیرملکی سرمایہ کاروں نے لوک سبھا انتخابات کے نتائج کی غیریقینی صورتحال اور چینی منڈیوں کی بہتر کارکردگی کے درمیان مئی میں اب تک بھارتی حصص سے بڑے پیمانے پر 22 ہزار کروڑ روپے نکال لیے ہیں۔ یہ تعداد پورے اپریل میں ماریشس کے ساتھ بھارت کے ٹیکس معاہدے میں تبدیلی اور امریکی بانڈ کی پیداوار میں مسلسل اضافے کے خدشات پر آٹھ ہزار 700 کروڑ روپے سے زیادہ کے مجموعی اخراج کے بعد سامنے آئی ہے۔x

## Haj Pilgrims

بھارت سے جدہ ہوائی اڈے پہنچنے والے عازمین حج نے آج تاریخ میں پہلی بار بسوں کے بجائے ہائی اسپیڈ حرمین ٹرین سے مکہ کا سفر کیا۔ جدہ میں بھارت کے قونصولیٹ جنرل نے متعلقہ سعودی حکام کے تعاون سے اس کا انتظام کیا ہے جس سے عازمین حج کا یہ سفر مزید آرام دہ ہو جائے گا۔ 300 کلومیٹر فی گھنٹے کی رفتار سے چلنے والی

اس ہائی اسپیڈ ٹرین کی مدد سے جدہ سے مکہ کے سفر میں کم وقت لگے گا۔ اندازہ ہے کہ اس سال 32 ہزار بھارتی عازمین حج اس خصوصی سروس کا فائدہ اٹھا سکیں گے۔ سعودی عرب میں بھارتی سفیر سہیل اعجاز خان اور قونصل جنرل شاہد عالم کے ہمراہ سعودی عرب کی ریلویز کے نائب صدر الحربی نیز حج اور ٹرانسپورٹ کی وزارت کے دیگر عہدیداروں نے بھی اِس ٹرین سے بھارتی عازمین حج کے ہمراہ جدہ ہوائی اڈے سے مکہ کا سفر کیا۔x

## Landslie

اقوام متحدہ کے ایک عہدیدار نے کہا ہے کہ پیوا نیو گنی میں بڑے پیمانے پر مٹی کے تودے کھسکنے کے واقعے میں کم سے کم 670 افراد کے ہلاک ہونے کا اندیشہ ہے۔ مٹی کے تودے کھسکنے کا یہ واقعہ جمعہ کے روز راجدھانی Port Moresby کے شمال مغرب میں تقریباً 600 کلو میٹر دور Enga صوبے میں واقع دور دراز کے گاؤں Kaokalam میں پیش آیا۔

پیوا نیو گنی میں مائی گریشن سے متعلق بین الاقوامی تنظیم کے سربراہ Serhan Aktopark نے کہا کہ ملک کے دور دراز Enga صوبے میں مٹی کے تودے کھسکنے کا واقعہ، جتنا پہلے سوچا گیا تھا اُس سے کہیں بڑا تھا۔ اندازہ ہے کہ 150 سے زیادہ مکانات ملبے کے نیچے دَب گئے۔ جناب Aktopark نے کہا کہ بچاؤ کاری کرنے والے افراد کو بھی خطرہ ہے کیونکہ مٹی کے تودے ابھی بھی کھسک رہے ہیں۔x

## IPL Cricket

IPL کرکٹ میں، چنئی میں فائنل میچ میں سن رائزرس حیدرآباد نے کولکاتہ نائٹ رائڈرس کے سامنے جیت کیلئے 114 رن کا نشانہ رکھا ہے۔

اس سے پہلے سن رائزرس حیدرآباد نے ٹاس جیتا اور پہلے بلے بازی کرنے کا فیصلہ کیا۔ سن رائزرس حیدرآباد کی پوری ٹیم 18 اوورس تین گیندوں میں 113 رن بناکر آوٹ ہوگئی۔

کولکاتہ نائٹ رائڈرس تیسری مرتبہ IPL کا خطاب جیتنے کی کوشش کر رہی ہے۔ اس سے پہلے اُس نے 2012 اور 2014 میں خطاب حاصل کیا تھا۔

حیدرآباد دوسری مرتبہ خطاب حاصل کرنے کی کوشش کر رہی ہے۔ اس سے پہلے اس نے 2016 میں IPL کا فائنل جیتا تھا۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆